Email: info@packages.com.pk
Website: www.packages.com.pk

SEC/20/PKGS 09 April 2026

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

**Sub: NOTICE OF THE ANNUAL GENERAL MEETING**

In accordance with Clause 5.6.9 of the PSX Rule Book, please find enclosed herewith a copy of captioned notice to shareholders of Packages Limited.

The appended notice has been published in newspapers namely Business Recorder [English] and Nawa-i-Waqt [Urdu] today i.e. on Thursday, 09 April 2026.

Yours sincerely,

For **PACKAGES LIMITED**

PACKAGES LIMITED KARACHI

**Iqra Sajjad**
Company Secretary

Business Recorder
Khi/Lhr/Isb
09 April 2026

**PACKAGES LIMITED**

# NOTICE OF THE 71ST ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 71st Annual General Meeting of the shareholders of Packages Limited (the Company') will be held on Thursday, April 30, 2026 at 10:00 a.m, on a hybrid model i.e. in person at the Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP), Chartered Accountants Avenue, Block 8 Clifton, Karachi, and virtually via Zoom to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1) To confirm the minutes of the last Annual General Meeting of the Company held on April 30, 2025.

2) To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company together with the Directors' and Auditors' Report thereon for the year ended December 31, 2025.

**https://www.packages.com.pk/financial-reports/**

3) To consider, approve and declare the dividend on the ordinary and preference shares of the Company. The Board of Directors has recommended a final cash dividend for the year ended December 31, 2025:

   a) to the preference share/convertible stock holder (International Finance Corporation) at the rate of Rs. 19.00/- (10%) per preference share/convertible stock of Rs. 190 proposed by the Board in terms of and as adjusted under the Subscription Agreement between Packages Limited and International Finance Corporation, totaling Rs. 155,549,998; and

   b) to the ordinary shareholders at the rate of Rs. 16.00/- (160%) per ordinary share of Rs.10 each.

4) To appoint external auditors of the Company for the ensuing year and to fix their remuneration. The current auditors, A.F. Ferguson & Co., Chartered Accountants, being eligible to do so, have given their consent to be re-appointed as auditors of the Company and the Board of Directors has recommended their appointment as such.

**SPECIAL BUSINESS**

1) To consider and, if deemed fit, pass a Special Resolution, as proposed in the Statement of Material Facts, pursuant to Section 199 of the Companies Act, 2017 (the 'Act') to authorize grant of a cross-company security to DIC Pakistan Limited, an unlisted subsidiary of the Company.

   A Statement of Material Facts covering the abovementioned Special Business, as required under Section 134(3) of the Act has been circulated to the shareholder(s) along with this notice of Annual General Meeting.

**ANY OTHER BUSINESS**

1) To transact any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board

April 09, 2026
Karachi

**IQRA SAJJAD**
Company Secretary

**Virtual Participation in the AGM Proceedings**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") vide its various circulars issued from time to time has directed the listed companies to hold general meetings virtually in addition to the requirements of holding physical meetings. The shareholders interested in attending the AGM virtually are requested to get themselves registered by sending their particulars at the designated email address **shares.desk@packages.com.pk** mentioning their name, folio number and email address by the close of business hours on April 28, 2026. The log-in credentials and link to participate in the AGM would be provided to the registered shareholders via a response email. The shareholders are also encouraged to send their comments/suggestions, related to the agenda items of the AGM on the abovementioned email address by April 28, 2026.

**Notes:**

1. The Share Transfer Books of the Company will be closed for determining the entitlement for the payment of final cash dividend from Thursday, April 23, 2026 to Thursday, April 30, 2026 (both days inclusive). Transfer requests received at the office of the Share Registrar of the Company, FAMCO Shares Registration Services (Pvt.) Limited, situated at 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi at the close of business on Wednesday, April 22, 2026 will be treated in time for the purposes of entitlement to the transferees.

2. A shareholder entitled to attend and vote at the meeting may appoint another person as his/her proxy to attend, speak and vote at the meeting on his/her behalf. Instrument appointing proxy must be deposited at the Registered Office of the Company situated at 4th Floor, The Forum, Suite # 416-422, G-20, Block 9, Khayaban-e-Jami, Clifton, Karachi not less than 48 hours before the time of the meeting.

3. Shareholders holding physical shares are also required to bring their original Computerized National Identity Card (CNIC) and/or copy of CNIC of shareholder(s) of whom he/she/they hold proxy(ies) for. Such shareholder(s) shall not be allowed to attend the AGM and/or sign the Register of Shareholders at the AGM without such CNIC(s).

4. The CDC Account Holders and Sub-Account Holders, whose registration details are available in the Share Book Details Report, shall be required to produce their respective original CNIC or original passport at the time of attending the Annual General Meeting to facilitate identification. Such Account Holders and Sub-Account Holders should also bring/know their respective participation I.D. No. and the CDC Account No. and in case of proxy, he/she must enclose an attested copy of his/her CNIC or Passport. Representative(s) of corporate shareholder(s) should bring attested copy of Board Resolution/Power of Attorney and/or all such documents that are required for such purpose and enumerated under Circular No. 1 dated 26 January 2000 issued by the SECP. Proxy form is also available on the Company's website and can be downloaded from **www.packages.com.pk**

**Circulation of Annual Accounts and Notice of the Meetings**

In accordance with Section 223 of the Companies Act, 2017 and pursuant to SRO 389(1)/2023 dated 21 March 2023, the audited financial statements of the Company for the year ended December 31, 2025, along with the Directors', Auditors', and Chairman Report thereon, Notice of Annual General Meeting, and other related material have been made available on the Company's website and published for sharing using a QR Code. The same can be downloaded and viewed from the QR enable code and respective weblink. The Company has obtained shareholders' approval to do so in one of its earlier General Meetings. Furthermore, shareholders are hereby informed that under Section 223(6) and 473 of the Act, whereby circulation of Audited Financial Statements and Notice of the Meeting has been allowed in electronic format through email, the same has been circulated through email in cases where email addresses have been provided by the shareholders to the Company and hence the consent of shareholder(s) to receive the copies through email is not required.

Shareholders can request a hard copy of the same, which shall be provided free of cost, if a request has been made by the shareholders on the standard request form available on the website of the Company.

**Statutory Code of Conduct at AGM**

Shareholders are requested to observe the Statutory Code of Conduct at the AGM in accordance with Section 215 of the Companies Act, 2017 and Regulation 28 of the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018, whereby shareholders are not permitted to exert influence or approach the Management directly for decisions which may lead to creation of hurdles in the smooth functioning of the Management. As mentioned in these provisions, shareholders shall not bring material that may cause threat to participants or premises where the AGM is being held, confine themselves to the agenda items covered in the notice of the AGM and shall not conduct themselves in a manner to disclose any political affiliation. Additionally, the Company is not permitted to distribute gifts in any form to its shareholders in its meetings as per Section 185 of the Companies Act, 2017.

**Withholding Tax on Dividend Income**

i. In compliance with Section 150 read with Division 1 of Part III of the First Schedule of the Income Tax Ordinance, 2001, withholding tax on dividend income will be deducted as per applicable law. All shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of the Federal Board of Revenue (FBR), despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names along with their valid CNICs/NTNs (National Tax Numbers) are entered into ATL, before April 22, 2026; enabling the Company to make required tax deduction on the amount of cash dividend. Accordingly, shareholders are also advised to check and ensure their respective status as appearing in the ATL available on FBR's website http://www.fbr.gov.pk/ as well as to ensure that their CNIC/passport number has been recorded by the Participant/Investor Account Services or by Share Registrar (in case of physical shareholding). Corporate bodies (non-individual shareholders) should ensure that their names and NTNs are mentioned and appear in the ATL maintained on FBR's website and recorded by respective Participant/Investor Account Services or in case of physical shareholding, by Company's Share Registrar.

ii. According to the FBR, withholding tax in case of joint shareholders accounts will be determined separately based on the 'Filer/Non-Filer' status of the principal shareholder as well as the status of the joint holder(s) as per their shareholding proportions. Shareholders who hold shares jointly with other shareholders are requested to provide, in writing, the shareholding proportions of the principal shareholder and the joint holder(s) in respect of shares held by them to the Company's Share Registrar, FAMCO Shares Registration Services (Pvt.) Limited. In case the required information is not provided to the Company's Registrar before April 22, 2026 it will be assumed that the shares are held in equal proportion by the principal shareholder and the joint holder(s).

iii. Withholding tax exemption from dividend income shall only be allowed if a copy of valid tax exemption certificate is made available to the Company's Share Registrar before April 22, 2026.

iv. Non-resident shareholder(s) shall submit declaration of such undertaking with copy of valid passport under definition contained in Section 82 of the Income Tax Ordinance, 2001 for determination of their residential status for the purposes of tax deduction on dividend to the Company Share Registrar before April 22, 2026. Shareholder may send a declaration using a standard format as placed on Share Registrar and Company's websites as mentioned below:
**www.famcosrs.com** & **www.packages.com.pk**

**Zakat Deduction**

To claim exemption from compulsory deduction of Zakat, shareholders are requested to submit a notarized copy of Zakat Declaration Form "CZ-50" on NJSP to the Share Registrar. In case shares are held in scrip less form, such Zakat Declaration Form (CZ-50) must be uploaded in the CDC account of the shareholder, through their Participant/Investor Account Services. Further, Non-Muslim shareholders are also required to file Solemn Affirmation (on the format available on Company's website) with the Share Registrar of the Company in case shares are held in physical certificates or with CDC Participant/Investor Account Services in case shares are in scripless form. No exemption from deduction of Zakat will be allowed unless the above documents complete in all respects have been made available as above.

**Payment of Cash Dividend Through Electronic Mode (Mandatory)**

Under Section 242 of the Act, it is mandatory for all listed companies to pay cash dividend to its shareholders through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders, in order to receive dividend directly into their bank account.

Furthermore, in accordance with the Companies (Distribution of Dividend) Regulations, 2017, shareholders are advised to provide their CNIC Number and International Bank Account Number (IBAN) details, if they have not already done so, to our Share Registrar (if shares are held in physical form) at their above-referred office address or to the respective Participants/Broker (if shares are held through CDS Account).

As per Regulation No. 6 of the Companies (Distribution of Dividend) Regulations, 2017 and Section 243(3) of the Companies Act, 2017, the Company will be constrained to withhold payment of dividend to shareholders in case of non-availability of CNIC and/or NTN of the shareholder or authorized person, as the case may be.

**Unclaimed Dividend/Shares**

Under Section 244 of the Companies Act, 2017 the Company is required to approach shareholders to claim their unclaimed dividend/shares. In this regard the Company has been periodically reaching out to its shareholders by publishing notices in newspapers after sending individual letters. Those shareholders, who have not claimed their dividend amounts as yet, are hereby once again requested to ensure that their claims for unclaimed dividend amounts and/or shares certificate are lodged promptly.

**Change of Particulars (Postal/Email Address and IBAN etc.)**

Shareholders having physical shares are requested to promptly notify any change in their particulars to Company's Share Registrar, in writing whereas CDC account holders are requested to update their addresses with their CDC Participant/CDC Investor Account Services on immediate basis of any change occurring in the particulars.

**Conversion of Physical Shares into CDC Account**

As per Section 72 of the Companies Act, 2017, every existing listed company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the SECP. The Company has been periodically reaching out to its shareholders through various newspaper and general meeting notices requesting conversion of physical shareholding. The shareholders are hereby again encouraged to open a CDC sub-account with any broker or Investor Account directly with CDC to convert their physical shares into scripless form. This is beneficial in many ways, including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Pakistan Stock Exchange.

**Postal Ballot/E-Voting**

In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, the right of vote through postal ballot shall be provided to the shareholders of every company, subject to the requirements of Sections 143 and 144 of the Companies Act, 2017.

a) E-voting Procedure Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those shareholders of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of shareholders of the Company within due course. The web address, login details, will be communicated to shareholders via email. Identity of the shareholders intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login. E-voting lines will be opened from April 23, 2026, 05:00 p.m. and shall close on April 29, 2026 at 5:00 p.m. Shareholders can cast their votes any time during this period. Once the vote is cast by a shareholder, he/she shall not be allowed to change it subsequently.

b) For voting through postal ballot, shareholders may exercise their right to vote as per provisions of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018. The shareholders shall ensure that duly filled and signed ballot paper along with copy of CNIC should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered office situated at 4th Floor, The Forum, Suite # 416-422, G-20, Block 9, Khayaban-e-Jami, Clifton, Karachi or email at **chairman.generalmeetings@packages.com.pk** one day before the AGM i.e. on April 29, 2026, during working hours. The signature on the ballot paper shall match with the signature on CNIC. Ballot paper for voting through post will be published and will also be available on the Company's website **www.packages.com.pk**.

c) A.F. Ferguson & Co. Chartered Accountants (the 'Firm'), has been appointed as a Scrutinizer. The Firm has confirmed that it has received a satisfactory rating under the Quality Control Review Program of the Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) and is also registered with the Audit Oversight Board of Pakistan. All partners of the Firm are qualified and have sufficient experience to perform their duties in light of applicable laws, regulations, and the said engagement and are also compliant with the requirements of the Code of Ethics of ICAP.

Nawa-i-Waqt
Khi/Lhr/Isb
09 April 2026

پیکیجز لمیٹڈ

# اطلاع برائے 71 واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پیکیجز لمیٹڈ ('کمپنی') کے شیئر ہولڈرز کا 71 واں سالانہ اجلاس بروز جمعرات 30 اپریل 2026 بوقت صبح 10:00 بجے ایک ہائبرائیڈ ماڈل پر یعنی ذاتی طور پر بمقام انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP)، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایوینیو، بلاک 8، کلفٹن، کراچی اور ورچوئل بذریعہ زوم درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور**

1- کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 30 اپریل 2025 کی کاروائی کی توثیق۔

2- آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2025 وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور ان کو اختیار کرنا۔

**https://www.packages.com.pk/financial-reports/**

3- کمپنی کے عمومی اور ترجیحی شیئرز پر ڈیویڈنڈ پر غور کرنا، منظوری دینا اور اعلان کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے نقد منافع منقسمہ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2025 درج ذیل کی سفارش کی ہے:

(ا) ترجیحی شیئر / تبادلہ پذیر اسٹاک ہولڈرز (انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن) کو 19.00 روپے (10 فیصد) فی 190 روپے ترجیحی شیئر / تبادلہ پذیر اسٹاک کے حساب سے ادائیگی جو بورڈ کی جانب سے تجویز کردہ اور پیکیجز لمیٹڈ اور انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے درمیان سبسکرپشن معاہدہ کی رو سے اور اس کے تحت ہم آہنگ کیا گیا مجموعی مزانیہ 155,549,998 روپے اور

(ب) عام شیئر ہولڈرز کو 16.00 روپے (160 فیصد) فی 10 روپے والے عام حصص پر

4- رواں سال کے لئے کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) نے اہل ہونے کی بنا پر بطور آڈیٹر دوبارہ تقرری کے لئے رضامندی ظاہر کی ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بطورِ خود اِن کی تقرری کی سفارش کی ہے۔

**خصوصی امور**

1- غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، ایک خصوصی قرارداد منظور کرنا، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 ('ایکٹ') کے سیکشن 199 کے مطابق، مادی حقائق کے بیان میں تجویز کیا گیا ہے، تاکہ کمپنی کی ان لسٹڈ ذیلی کمپنی DIC پاکستان لمیٹڈ کو کراس کمپنی ضامن کی منظوری دی جاسکے۔

مذکورہ بالا خصوصی امور کا احاطہ کرنے والے مادی حقائق کا بیان جیسا کہ ایکٹ کے سیکشن (3)134 کے تحت ضروری ہے، سالانہ اجلاسِ عام کے اس نوٹس کے ساتھ شیئر ہولڈرز کو بھیج دیا گیا ہے۔

**دیگر امور**

1- صدرِ مجلس کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

**اقراء سجاد**

کمپنی سیکریٹری

09 اپریل، 2026

کراچی

**ورچوئل طور پر AGM کی کاروائی میں شرکت**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") نے اپنے وقتاً فوقتاً جاری کردہ مختلف سرکلرز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے سالانہ اجلاس فزیکل میٹنگ کی ضروریات کے علاوہ ورچوئل طور پر بھی منعقد کریں۔ کمپنی کی جانب سے شیئر ہولڈرز کو AGM میں شرکت کے لئے مزید سہولت فراہم کرنے کی غرض سے درج ذیل انتظامات کئے گئے ہیں۔ AGM میں ورچوئل طور پر شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے کوائف مقررہ ای میل ایڈریس shares.desk@packages.com.pk پر بھیج کر خود کو رجسٹر کروالیں جن میں ان کا نام، فولیو نمبر اور اپنا ای میل ایڈریس ہو، مورخہ 28 اپریل 2026 تک کاروباری اوقات کے اختتام تک مل جانے چاہئیں۔ AGM میں شرکت کے لئے لاگ اِن اور لنک کی تفصیلات رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو ای میل کے ذریعے فراہم کردی جائیں گی۔ شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ 28 اپریل 2026 تک مذکورہ ای میل ایڈریس پر AGM کے امور سے متعلق اپنے تبصرے / تجاویز بھیجیں۔

**تصریحات:**

1- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس حتمی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے سلسلے میں اہلیت کا تعین کرنے کے لئے 23 اپریل، 2026 بروز جمعرات سے 30 اپریل، 2026 بروز جمعرات (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم کمپنی کے رجسٹرار میسرز فیمکو شیئرز رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8 نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک -6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی میں 22 اپریل 2026 بروز بدھ کو کاروباری اوقات کے اختتام تک وصول ہونے والی ٹرانسفر کی درخواستیں ٹرانسفریز کی اہلیت کے لئے بروقت تصور ہوں گی۔

2- کوئی شیئر ہولڈر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہے، وہ اپنی جگہ کسی دوسرے فرد کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کی تقرری کی دستاویز کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع چوتھی منزل، دی فورم، سوئٹ نمبر 422-416، G-20، بلاک 9، خیابان جامی، کلفٹن، کراچی کے پتے پر اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرانی ہوگی۔

3- فزیکل شیئر کے حامل شیئر ہولڈرز کو اپنا اصل CNIC اور یا شیئر ہولڈر (ز) کے CNIC کی کاپی، جن کی پراکسی کے حامل ہیں، ساتھ لانا ہوگی۔ CNIC کے بغیر شیئر ہولڈرز کو AGM میں شرکت کرنے اور / یا شیئر ہولڈرز ممبرز کے رجسٹر میں دستخط کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

4- CDC اکاؤنٹ ہولڈرز اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کے رجسٹریشن کی تفصیلات شیئر بک تفصیلات رپورٹ میں دستیاب ہیں، ان کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا متعلقہ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ ایسے اکاؤنٹ ہولڈرز اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو اپنا متعلقہ شرکت کا آئی ڈی نمبر اور CDC اکاؤنٹ نمبر، اور پراکسی ہونے کی صورت میں اپنے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا ہوگی۔ کارپوریٹ ممبر (ز) کے نمائندہ ہونے کی صورت میں بورڈ کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی اور یا ایسی تمام دستاویز ساتھ لانا ہوں گی جو SECP کے سرکلر نمبر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 کے تحت اس مقصد کے لئے درکار ہیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ **www.packages.com.pk** پر بھی دستیاب ہے۔

**سالانہ اکاؤنٹس اور اجلاسوں کے نوٹس کی ترسیل**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223 اور 2023/(1)SRO 389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق، 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ڈائریکٹرز، آڈیٹرز اور چیئرمین رپورٹ کے ساتھ، سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع اور دیگر متعلقہ مواد کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب اور بذریعہ QR کوڈ اشتراک کے لئے شائع کردیا گیا ہے۔ اسے فعال QR کوڈ اور متعلقہ ویب لنک کے ذریعے بھی ڈاؤنلوڈ کیا اور دیکھا جاسکتا ہے۔ کمپنی نے اپنی ایک گذشتہ جنرل میٹنگ میں ایسا کرنے کے لئے شیئر ہولڈرز کی منظوری حاصل کی ہے۔ مزید برآں، ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (6)223 اور 473 کے مطابق، جس کے تحت ای میل کے ذریعے الیکٹرانک فارمیٹ میں آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور اجلاس کی اطلاع کی ترسیل کی اجازت دی گئی ہے۔ یہ ای میل کے ذریعے اُن ممبرز کو بھیجا گیا ہے جن کی جانب سے کمپنی کو ای میل ایڈریس فراہم کیا گیا ہے اور اس لیے ای میل کے ذریعے کا پیاں وصول کرنے کے لیے ممبرز کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہے۔

شیئر ہولڈرز اس کی ہارڈ کاپی کی درخواست کرسکتے ہیں، جو مفت فراہم کی جائے گی، اگر ممبر کی جانب سے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم پر درخواست کی گئی ہو۔

**AGM میں قانونی ضابطہ اخلاق**

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 215 اور کمپنیز (جنرل پروویژن اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 28 کے مطابق AGM میں قانونی ضابطہ اخلاق کی پابندی کریں، جب کہ شیئر ہولڈرز کو اثر ورسوخ پر زور دینے یا فیصلوں کے لئے براہ راست انتظامیہ تک پہنچنے کی اجازت نہیں ہوگی جو انتظامیہ کے لئے امور کی ہموار انجام دہی میں رکاوٹ کا سبب بن سکتے ہیں۔ جیسا کہ ان دفعات میں درج ہے، شیئر ہولڈرز کوئی ایسا سامان اپنے ساتھ نہیں لائیں گے جو شرکاء یا AGM کے منعقد ہونے کی حدود میں کسی خطرے کا باعث ہو، اور خود کو AGM کے نوٹس میں شامل ایجنڈا تک محدود رکھیں گے اور نہ ہی ایسا رویہ اختیار کریں گے جو کسی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرتا ہو۔ اس کے علاوہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 185 کی رو سے کمپنی کو اپنے اجلاسوں میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**ڈیویڈنڈ انکم پر ودھ ہولڈنگ ٹیکس**

1- انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے پہلے شیڈول کے حصے، ہی کے ڈویژن I کے ساتھ پڑھے گئے سیکشن 150 کی تعمیل میں، ڈیویڈنڈ آمدنی پر لاگو قانون کے مطابق ودھ ہولڈنگ ٹیکس کاٹا جائے گا۔ تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں ہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلرز ہیں، کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اُن کے نام کار آمد CNIC/NTNs (نیشنل ٹیکس نمبرز) کے ساتھ 22 اپریل، 2026 سے پہلے ATL میں درج ہوں؛ تاکہ کمپنی کے لئے کیش ڈیویڈنڈ پر مطلوبہ ٹیکس کی کٹوتی کرنا ممکن ہو۔ اسی مناسبت سے، شیئر ہولڈرز کو یہ مشورہ بھی دیا جاتا ہے کہ وہ FBR کی ویب سائٹ /http://www.fbr.gov.pk پر دستیاب ATL میں اپنی مطلقہ حیثیت کو چیک کریں اور یقینی بنائیں اور ساتھ ہی یہ بھی یقینی بنائیں کہ ان کا CNIC/Passport نمبر پارٹیسپنٹ / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار (فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کے ذریعے ریکارڈ کیا گیا ہے۔

2- FBR کے مطابق جوائنٹ شیئر ہولڈرز اکاؤنٹس کی صورت میں ودھ ہولڈنگ ٹیکس کا تعین الگ سے پرنسپل شیئر ہولڈر کے 'فائلر / نان فائلر' ہونے کی حیثیت اور ساتھ ساتھ جوائنٹ ہولڈرز کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے مطابق حیثیت کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ دوسرے شیئر ہولڈرز کے ساتھ مشترکہ طور پر شیئرز رکھنے والے ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ تحریری طور پر پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ کا تناسب کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئرز رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں۔ اگر 22 اپریل، 2026 سے پہلے کمپنی کے رجسٹرار کو مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی گی تو یہ تصور کیا جائے گا کہ شیئرز پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے برابر تناسب میں رکھے گئے ہیں۔

3- ڈیویڈنڈ انکم سے ودھ ہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کی اجازت صرف اس صورت میں دی جائے گی جب 22 اپریل، 2026 سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درست ٹیکس استثنیٰ کے سرٹیفکیٹ کی کاپی دستیاب کردی جائے۔

4- انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 82 برائے رہائشی کی حیثیت کے تعین کی تعریف کے تحت، ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کی کٹوتی کے لیے غیر رہائشی شیئر ہولڈرز کو انڈرٹیکنگ کی ڈیکلریشن مع کار آمد پاسپورٹ کی کاپی، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس 22 اپریل، 2026 سے پہلے جمع کرانا ہوگی۔ ممبرز درج ذیل رجسٹرار اور کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود مقررہ فارمیٹ استعمال کرتے ہوئے ڈیکلریشن بھیج سکتے ہیں:

**www.famcorsrs.com & www.packages.com.pk**

**زکوٰۃ کی کٹوتی**

زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی سے استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کے لیے، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ NJSP پر زکوٰۃ اعلامیہ فارم CZ-50 کی ایک نوٹرائزڈ کاپی شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔ اگر شیئرز اسکرپ لیس فارم میں رکھے گئے ہیں تو اس طرح کے زکوٰۃ اعلامیہ فارم (CZ-50) کو شیئر ہولڈر کے CDC اکاؤنٹ میں، ان کے شریک / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ذریعے اپ لوڈ کیا جانا چاہیے۔ مزید برآں، غیر مسلم شیئر ہولڈرز کے لئے بھی لازمی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس (کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب فارمیٹ پر) شیئرز کے فزیکل سرٹیفکیٹ میں یا CDC کے شراکت دار انویسٹر اکاؤنٹ کی خدمات کے پاس اسکرپ لیس فارم کی صورت میں شیئرز ہونے کی تصدیق کریں۔ زکوٰۃ کی کٹوتی سے اس وقت تک کوئی رعایت نہیں دی جائے گی جب تک کہ مندرجہ بالا تمام دستاویزات مکمل طور پر جمع نہ کردی جائیں۔

**کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرونک ذریعہ سے ادائیگی (لازمی)**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے تحت، تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے حقدار شیئر ہولڈرز کو الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہِ راست اُن کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں نقد ڈیویڈنڈ ادا کریں۔ براہِ راست اُن کے بینک اکاؤنٹ میں ڈیویڈنڈ وصول کرنے کے لئے۔

مزید برآں، کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز، 2017 کے مطابق، شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنا CNIC نمبر اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار (اگر شیئر فزیکل فارم میں رکھے گئے ہیں) کو اُن کے اوپر دیئے گئے دفتری پتے یا متعلقہ پارٹیسپنٹس / بروکر (اگر شیئرز CDS اکاؤنٹ کے ذریعے رکھے گئے ہیں) کو فراہم کریں، اگر اب تک ایسا نہیں کیا گیا ہے۔ معلومات نا ملنے کی صورت میں، کمپنی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن نمبر 6 اور کمپنیز ایکٹ، 2017، کے سیکشن (3)243 کے مطابق کمپنی شیئر ہولڈر یا مجاز فرد، جیسا معاملہ ہو، کہ CNIC اور / یا NTN کی عدم دستیابی کی صورت میں، شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

**غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ / شیئرز**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے تحت، کمپنی کو چاہیے کہ وہ شیئر ہولڈرز سے رجوع کرے تا کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ / شیئرز کا دعویٰ کریں۔ اِس سلسلے میں کمپنی انفرادی خطوط بھیجنے کے بعد اخبارات میں نوٹس شائع کرکے اپنے شیئر ہولڈرز سے رابطہ میں ہے۔ وہ شیئر ہولڈرز، جنہوں نے ابھی تک اپنے ڈیویڈنڈ کی رقم کا دعویٰ نہیں کیا ہے، اُن سے ایک بار پھر اس بات کو یقینی بنانے کی درخواست کی جاتی ہے کہ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ کی رقم اور / یا شیئرز سرٹیفکیٹ کے لئے فوری طور پر دعویٰ درج کریں۔

**کوائف کی تبدیلی (پوسٹل / ای میل ایڈریس اور IBAN وغیرہ)**

فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئرز ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی تفصیلات میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کو فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مطلع کریں جبکہ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی تفصیلات میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی، اپنے پتے کو فوری بنیاد پر CDC پارٹسپینٹ / CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ساتھ اپ ڈیٹ کرکے کریں۔

**فزیکل شیئرز کی CDC اکاؤنٹ میں تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرے جیسا کہ بیان کیا ہے اور SECP کی مطلع کردہ تاریخ سے کمپنی وقتاً فوقتاً اپنے شیئر ہولڈرز سے، جن کے پاس فزیکل شیئر ہولڈنگ ہے، مختلف اخبارات اور عام اجلاس کے نوٹسز کے ذریعے رابطے میں رہی ہے۔ شیئر ہولڈرز کی ایک بار پھر حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ میں براہِ راست CDC کے ساتھ CDC سب اکاؤنٹ کھولیں جس میں وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں تبدیل کرا سکتے ہیں، یہ بہت سے طریقوں سے فائدہ مند ہے، بشمول شیئرز کی محفوظ تحویل اور جب چاہیں ان کی فروخت، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضوابط کے تحت فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

**پوسٹل بیلٹ / ای ووٹنگ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط کسی دوسرے ایجنڈا کے لیے مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ کے حامل ممبرز قانون کے مطابق شیئر ہولڈنگ کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے یعنی ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی، مذکورہ ضابطوں میں موجود شرائط کے ساتھ۔

1- ای ووٹنگ کی سہولت کے ای ووٹنگ طریقہ کار کی تفصیلات کمپنی کے اُن شیئر ہولڈرز کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے فعال CNIC نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس مقررہ وقت کے اندر کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے رجسٹر میں دستیاب ہونگے۔ ویب ایڈریس، لاگ اِن تفصیلات، ای میل کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو بتائی جائیں گی۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی شناخت الیکٹرونک سگنیچر یا لاگ اِن کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائیں گی۔ ای ووٹنگ کی لائنز 23 اپریل 2026 شام 05:00 بجے کھولی جائیں گی اور 29 اپریل 2026 شام 05:00 بجے بند کی جائیں گی۔ شیئر ہولڈرز اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار جب کسی شیئر ہولڈر کی طرف سے ووٹ ڈال دیا جاتا ہے تو اُسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

2- پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کے لیے، شیئر ہولڈرز کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی دفعات کے مطابق ووٹ کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔ شیئر ہولڈرز اس بات کو یقینی بنائیں کہ CNIC کی کاپی کے ساتھ باضابطہ طور پر پُر کیا گیا اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر میٹنگ کے چیئرمین تک چوتھی منزل، دی فورم، سوئٹ نمبر 422-416، G-20، بلاک 9، خیابانِ جامی، کلفٹن، کراچی میں واقع کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر پوسٹ کے ذریعے یا ای میل chairman.generalmeetings@packages.com.pk پر AGM سے ایک دن پہلے یعنی 29 اپریل 2026 کو کاروباری اوقات کے دوران پہنچ جائے۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونے چاہیں۔ پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر شائع کیا جائے گا اور یہ کمپنی کی ویب سائٹ **www.packages.com.pk** پر بھی دستیاب ہوگا۔

3- اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ('فرم') کو اسکروٹنائزر مقرر کیا گیا ہے۔ فرم نے تصدیق کی ہے کہ اُسے انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کے کوالٹی کنٹرول ری ویو کے تحت تسلی بخش ریٹنگ ملی ہے اور یہ آڈٹ اوور سائٹ بورڈ آف پاکستان میں رجسٹرڈ ہے۔ فرم کے تمام پارٹنرز اہل ہیں اور قابلِ اطلاق قوانین، ضوابط اور مذکورہ کام کی روشنی میں اپنے فرائض انجام دینے کے لیے کافی تجربہ رکھتے ہیں اور ICAP کے کوڈ آف ایتھکس کے تقاضوں کے مطابق بھی ہیں۔